**29.06.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ ماجد علی

**Music**

-1 وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کرکہا کہ صحت سے لے کر سماجی تحفظ تک ملک ہرشعبے میں آگے بڑھ رہا ہے، جس سے سماجی انصاف کی شاندار تصویر کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزیراعظم نے کہا ہے کہ ان کامیابیوں سے یہ اعتماد پیدا ہوتا ہے کہ آنے والا وقت اور بھی بہتر ہوگا۔

2 آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں جناب مودی نے کہا کہ عالمی صحت تنظیم نے ملک سے **Trachoma** کا خاتمہ ہونے کا اعلان کر دیا ہے اور اس میں سووچھ بھارت اور جل جیون مشن جیسی اسکیموں کا اہم رول ہے۔

3 وزیراعظم نے کہا ہے کہ ملک میں جن لوگوں نے ایمرجنسی نافذ کی تھی، انہوں نے نہ صرف آئین کا گلا گھونٹا بلکہ وہ عدلیہ کو بھی غلام بنائے رکھنا چاہتے تھے۔

4 اڈیشہ کے پوری میں شری گنڈیچا مندر کے نزدیک رتھ یاترا کے دوران بھگدڑ کے واقعے میں تین افراد کی موت ہو گئی۔

5 اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلعے میں بادل پھٹنے کے واقعے کے بعد نو کارکن لاپتہ ہیں۔ بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ شدید بارش کے الرٹ کے مدنظر چار دھام یاترا 24 گھنٹے کے لیے روک دی گئی ہے۔

6 مانسون، راجستھان کے بقیہ حصوں، مغربی اترپردیش، ہریانہ اور دلی میں مزید آگے بڑھ گیا ہے۔

7 **US** اوپن بیڈمنٹن میں آیوش شیٹی اور تنوی شرما اپنے اپنے زمرے کے سنگلز فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM MANN KI BAAT**

وزیراعظم نریندرمودی نے زور دے کر کہاہے کہ صحت سے لے کر سماجی تحفظ تک ملک ہر شعبے میں صد فی صد تکمیل کے احساس کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، جو سماجی انصاف کی ایک شاندار تصویر بھی ہے۔ آج آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے بین الاقوامی لیبر تنظیم ILO کی ایک رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں بیشتر لوگوں کو سماجی تحفظ اسکیم کا کوئی نہ کوئی فائدہ ضرور مل رہا ہے۔

S/B - 1205 MKB Social Protection

وزیراعظم نے بھارت سے Trachoma کے خاتمے کے بارے میں عالمی صحت تنظیم WHO کے اعلان کا بھی تذکرہ کیا اور کہا کہ یہ اُن لاکھوں لوگوں کی محنت کا نتیجہ ہے جنہوں نے رُکے بغیر انتھک اِس بیماری سے مقابلہ کیا۔

ایمرجنسی کی بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہاکہ عوام کی شمولیت کی طاقت کے ساتھ بڑے سے بڑے بحران کا سامنا کیا جاسکتا ہے اور یہ عوام کی طاقت ہی تھی کہ نہ تو وہ جھکے، نہ ٹوٹے اور نہ ہی انہوں نے جمہوریت کے ساتھ کسی طرح کے سمجھوتے کو قبول کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ کچھ دن پہلے ہی ملک پر ایمرجنسی مسلط کیے جانے کے 50 سال مکمل ہوئے ہیں اور ہموطنوں نے سمودھان ہتیہ دوس منایا۔ جناب مودی نے کہا کہ ملک کو اُن سبھی افراد کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے جنہوں نے ایمرجنسی کا ڈٹ کا مقابلہ کیا کیونکہ اِس سے انہیں آئین کو مضبوط بنائے رکھنے کے لیے لگاتار مستعد رہنے کی ترغیب ملے گی۔

S/B- 1400 MKB Emergency

یوگ کے بین الاقوامی دن کا تذکرہ کرتے ہوئے، جو اس مہینے کی 21 تاریخ کو منایا گیا، جناب مودی نے کہا کہ ملک اور دنیا بھر کے کروڑوں لوگوں نے اِس میں حصہ لیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اب زیادہ سے زیادہ لوگ یوگ کو اپنی روزمرہ کی زندگی میں اپنا رہے ہیں۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ اس بار کا موضوع بھی بہت خاص تھا : ''ایک کرۂ ارض، ایک صحت کے لیے یوگ''۔

انہوں نے کہا کہ یہ محض ایک نعرہ نہیں بلکہ ایک سمت ہے جو لوگوں کو وسودھیو کٹمبکم کے جذبے کا احساس کراتی ہے۔ اپنے خطاب میں وزیراعظم نے خواتین کی زیرقیادت ترقی کی بھی بات کی اور کہا کہ یہ بھارت کے لیے ایک نیا مستقبل سنوارنے کے لیے تیار ہے، کیونکہ ملک کی خواتین نہ صرف خود کے لیے بلکہ پورے معاشرے کے لیے ایک نئی سمت طے کر رہی ہیں۔

S/B - 1400 MKB Women Empowerment

وزیراعظم نے دھارمک یاتراؤں کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیلاش مانسروور یاترا، امرناتھ یاترا اور جگن ناتھ رتھ یاترا کا ذکر کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ شمال سے جنوب تک، مشرق سے مغرب تک، یہ یاترائیں

''ایک بھارت، شریشٹھ بھارت'' کے جذبے کی عکاسی کرتی ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ پچھلے مہینے بھگوان بدھ کے پوتر باقیات کو بھارت سے ویتنام لے جایا گیا اور وہاں نو مختلف مقامات پر عوام کے درشن کے لیے رکھا گیا۔

جناب مودی نے کہا کہ ایک طرح سے بھارت کی یہ پہل ویتنام کے لیے ایک قومی تہوار بن گیا۔

ماحولیات کے عالمی دن کے بارے میں، جو اس مہینے منایا گیا، وزیراعظم نے احمدآباد میونسپل کارپوریشن کی ''Mission for Million Trees'' مہم کا تذکرہ کیا، جہاں لاکھوں درخت لگانے کا نشانہ رکھا گیا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ اِس مہم کی ایک خاص بات سندور ون ہے، جو آپریشن سندور کے جانبازوں کے لیے وقف ایک جنگل ہے۔×

## PURI STAMPEDE

اڈیشہ میں، پوری شری گنڈیچا مندر کے نزدیک آج بھگدڑ کے ایک واقعہ میں دو خواتین سمیت کم از کم تین عقیدتمندوں کی موت ہو گئی جبکہ ایک درجن سے زیادہ زخمی ہوئے۔ یہ واقعہ آج صبح سویرے چار بجے کے آس پاس پیش آیا۔

پورے کے ضلع کلکٹر سدھارتھ Swain نے اس واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ زخمیوں کو نزدیک کے اسپتالوں میں داخل کرا دیا گیا ہے۔ چھ زخمیوں کی حالت نازک بتائی گئی ہے۔ لاشوں کو پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا گیا ہے اور تحقیقات جاری ہے۔

عینی شاہدین کے مطابق کئی عقیدتمند اُس وقت زخمی ہوگئے جب کارکن گنڈیچا مندر کے نزدیک ایک ٹرک سے Charamala کے پوتر لکڑی کے لٹھے اتار رہے تھے۔×

## REV CHAR DHAM YATRA

اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلعے میں آج صبح سویرے Silai Band کے نزدیک بادل پھٹنے کے واقعے کے بعد سے نو کارکن لاپتہ بتائے گئے ہیں جو ایک زیرتعمیر مقام پر کام کر رہے تھے۔ بڑے پیمانے پر بچاؤ کارروائی جاری ہے جس میں NDRF ، SDRF اور پولیس کی ٹیمیں لگی ہوئی ہیں۔ مجموعی طور پر 19 کارکن وہاں موجود تھے۔ ان میں سے دس کو بچالیا گیا ہے۔ مقامی باشندے بھی تلاش کے کام میں معاونت کر رہے ہیں۔

اِدھر لگاتار بارش ہونے کی وجہ سے ریاست میں گنگوتری اور یمونتری شاہراہوں کے راستے بند ہو گئے ہیں۔ احتیاطی اقدام کے طور پر چار دھام یاترا ایک دن کے لیے روک دی گئی ہے کیونکہ چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کا اندیشہ ہے۔

ریاست کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے دہرہ دون میں ریاستی ایمرجنسی آپریشن سینٹر کا دورہ کیا۔×

## KOLKATA GANG RAPE

ڈاکٹر ارچنا مجمدار کی زیر قیادت خواتین سے متعلق قومی کمیشن کی ایک ٹیم نے مبینہ اجتماعی آبرو ریزی واقعے کے تناظر میں کولکاتہ میں لاء کالج کا دورہ کیا۔ اِدھر کولکاتہ پولیس نے اس واقعے کی چھان بین کے لیے اسسٹنٹ کمشنر آف پولیس کی سربراہی میں ایک خصوصی جانچ ٹیم بنائی ہے۔ پولیس نے اس واقعے میں ایک سکیورٹی گارڈ سمیت چار افراد کو گرفتار کیا ہے۔×

## MONSSON LOW PRESSURE

جنوب مغربی مانسون راجستھان کے بقیہ حصوں، مغربی اترپردیش، ہریانہ اور دلی کے پورے خطے میں مزید آگے بڑھ گیا ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے کے مطابق مانسون معمول کی تاریخ سے نو دن پہلے ہی پورے ملک میں پہنچ گیا ہے۔

موسمیات محکمے نے بتایا ہے کہ شمال مغربی خلیج بنگال اور اِس سے ملحقہ مغربی بنگال اور بنگلہ دیش کے ساحلی علاقوں میں ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ برقرار ہے۔ اِس کے اگلے دو دن کے دوران شمالی اڈیشہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال اور جھارکھنڈ میں رفتہ رفتہ مغرب-شمال مغرب کی سمت بڑھنے کا امکان ہے۔×

## TRUMP BIG BEAUTIFUL BILL

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ''Big Beautiful Bill'' کو سینٹ میں اہم ووٹنگ کے دوران منظوری مل گئی ہے۔ مذکورہ بل 49 کے مقابلے 51 ووٹ کی حمایت کے ساتھ منظور کر لیا گیا۔ اب اس بل پر اگلے دور کی ووٹنگ ہوگی۔ امریکی صدر نے سینٹ میں منظوری کا یہ کہتے ہوئے خیرمقدم کیا ہے کہ یہ ریپبلکن پارٹی کی ایک بڑی کامیابی ہے۔ مذکورہ بل ٹیکس کٹوتی اور اخراجات کے ضمن میں ٹرمپ کی کوششوں کا حصہ ہے۔

مذکورہ بل میں امریکی صدر کی، ایمیگریشن، سرحد، ٹیکس کٹوتی اور فوجی ترجیحات اور پالیسیوں کے لیے فنڈز پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

اس کی رو سے صدر ٹرمپ کے عہدے کی پہلی معیاد کے دوران نافذ کی گئی 2017 کی ٹیکس کٹوتی میں توسیع کی بھی گنجائش ہے، جس میں دیگر ٹیکسوں میں کٹوتی اور ایمیگریشن کے معاملے پر کارروائی کے حصے کے طور پر سرحدی سکیورٹی اور فوج پر اخراجات کو تقویت پہنچانے کی بات کہی گئی ہے۔×

## FLIGHT CANCEL ATLANTA

Atlanta کے Hartsfield-Jaksaon بین الاقوامی ہوائی اڈے پر سینکڑوں پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ شدید آندھی طوفان کے تناظر میں ایسا کیا گیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق Atlanta آنے اور جانے والی 450 سے زیادہ پروازیں منسوخ کی گئی ہیں۔ امریکہ سے گزرنے والی ایئرلائن کمپنی کی چودہ فیصد پروازوں کو Atlanta کے طوفان کی وجہ سے منسوخ کرنا پڑا۔ ×

## BADMINTON US OPEN

یوایس اوپن 2025 بیڈمنٹن میں، بھارت کے دو نوجوان کھلاڑی آیوش شیٹی اور تنوی شرما بالترتیب مردوں اور خواتین کے سنگلز فائنلس میں پہنچ گئے ہیں۔ 66ویں نمبر کی کھلاڑی تنوی، یوکرین کی کھلاڑی Buhrova کو اکیس چودہ، اکیس سولہ سے ہرا کر خواتین سنگلز کے فائنل میں پہنچیں جبکہ 20 سال کے آیوش شیٹی بھی ایک سنسنی خیز مقابلے میں عالمی نمبر چھ کھلاڑی Chou Tien Chen کو اکیس تیئیس، اکیس پندرہ اور اکیس چودہ سے ہرا کر فائنل میں پہنچے ہیں۔

یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ فائنل میں جیت کے بعد تنوی BWF عالمی ٹور خطاب جیتنے والی سب سے کم عمر بھارتی کھلاڑی بن جائیں گی۔ اُدھر آیوش کا مقابلہ تیسرے درجے کے کھلاڑی کنیڈا کے Brian Yang سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆